Nazar Burney was born at Bulandshahr, (U.P.). He had his schooling at Bulandshahr and his college education in Delhi and Aligarh. Besides holding an M.A. degree in Urdu, he is also equipped with a degree in library science. He is at present working as a library officer at Jamia Millia Islamia, Delhi. Among his publications may be mentioned: *Kafgir, Boo-e-Gul, Shama-e-Firozaan, Zauq-e-Nazzara, Gorakh Dhanda, and Gustakhi Muaaf.* Basically a satirist, Burney chooses as his target the widespread evil of corruption which is eating at the vitals of our society. He is particularly critical of the sychophants and flatterers who are all the time hovering round ministers and men of power with the sole aim of feathering their own nest. Burney's satire is general, not particular, and his main motive is reform, not revenge. In the following lines he is laughing at the spectacle of a cunning politician who cringes before every one at the election time, but never shows up afterwards:

Humble me the way you like, heap me with disgrace,
I'm the dust beneath your feet, being a candidate,
But you must remember, this is my creed:
Not to look you up again, once I succeed.

Ruswa karo, zaleel karo, sab qabool hai,
Banda umeedwar hai, 'charnon ki dhool' hai;
Lekin yeh yaad rakhieye, Election ko jeet kar,
Mur kar na dekhna mera pehla asool hai.

Burney is an adept in the art of parody. He has successfully exploited the meanings and measures of Ghalib, Iqbal, or Faiz for the more mundane task of social satire.

نظر برنی

ملتے جلتے آتے جاتے

آپ اگر کوشش فرماتے، ملتے جلتے آتے جاتے
خاموشی سے نوٹ دکھاتے، ملتے جلتے آتے جاتے
گر خواہش ہے "پروموشن" کی چوری چوری "باس" سے ملتے
دفتر کا دستور نبھاتے، ملتے جلتے آتے جاتے
"راہ و رسم" سے "باس" پگھلتا "لنچ" و "ڈِنر" سے آپکا ہوتا
خود جاتے یا اسے بلاتے، ملتے جلتے آتے جاتے
سامنے اس کے بن کے رہتے "بھیگی بلّی" اور "چغد" بھی
لیکن پیچھے رعب دکھاتے، ملتے جلتے آتے جاتے
آپ میں گر ہمّت کی کمی تھی پھر تو سہارا غیر کا لیتے
اس کے چمچوں کو ہی پٹاتے، ملتے جلتے آتے جاتے
خالی محنت اور دیانت افسر کو کیا لینا دینا
ایک منسٹر دوست بناتے، ملتے جلتے آتے جاتے
پہلے اپنے ہتھ کنڈوں سے لوگوں کو گرویدہ کرتے
لیڈر کی پھر دھونس جماتے، ملتے جلتے آتے جاتے
افسر کو افسر ہی سمجھو اپنا نظر و شواس یہی ہے
شان میں اس کی شعر سناتے، ملتے جلتے آتے جاتے

CALL ON HIM AND SOCIALIZE
(Milte Julte Aate Jaate)

Wish you had made an effort, met your boss and socialized,
Softened him with currency notes, called on him and socialized.
If promotion was your aim, you should then have met the boss,
Maintained the office custom, cozened him and socialized.
Courtesy meets would win him over, dinner and lunch would melt his heart,
Call on him, or invite, meet you must and socialize.
Before him play a timid cat, or a stupid, owlish brat,
After, boast about your might, meet him oft and socialize.
If you lack the strength of will, seek thou the others' aid,
Approach his minions, grind your axe, call on him and socialize.
Hard and honest work alone cuts no ice with the boss,
Cultivate some high minister, meet him oft and socialize.
You should first lure the people with your cunning guile,
Then drop some leader's name, but continue to socialize.
Always treat the boss as boss, this is what Nazar believes,
Write a poem in his praise, meet, mix and socialize.

Aap agar koshish farmaate, milte julte, aate jaate,
Khamoshi se note dikhaate, milte julte, aate jaate.
Gar khwahish hai promotion ki, chori chori boss se milte,
Daftar ka dastoor nibhaate, milte julte, aate jaate.
Rah-o-rasm se boss pighalta, lunch-o-dinner se aap ka hota,
Khud jaate, ya use bulaate, milte julte, aate jaate.
Saamne uske ban ke rahte bheegi billi, aur chughad bhi,
Lekin peechhe roeb dikhate, milte julte, aate jaate.
Aap mein gar himmat ki kami thi, phir tau sahaara ghair ka lete,
Uske chamchon ko hi pitate, milte julte, aate jaate.
Khali mehnat aur dayaanat, afsar ko kya lena dena,
Ek minister dost banaate, milte julte, aate jaate.
Pahle apne hathkandon se logon ko garweeda karte,
Leader ki phir dhauns jamaate, milte julte, aate jaate.
Afsar ko afsar hi samjho, apna Nazar vishvas yehi hai,
Shaan mein uski shaer sunaate, milte julte, aate jaate.

غزل

ہے اب تو حسیناؤں کا حلقہ مرے آگے
سلمیٰ مرے پیچھے ہے زلیخا مرے آگے

اب بچ کے کہاں جایئے ہر سمت ہے دیوار
بیوی مرے پیچھے ہے تو بچہ مرے آگے

بے پردہ وہ کالج میں تو پھرتی ہیں برابر
اوڑھا مری محبوب نے برقعہ مرے آگے

میں اب کے الیکشن میں گنوا بیٹھا ضمانت
ڈوبا مری قسمت کا ستارہ مرے آگے

بڑھنے کی تمنا ہو تو مجھ جیسے بنو تم
کہنے لگا صاحب کا یہ چمچہ مرے آگے

دس بچوں کے ابّا ہیں مگر ہے یہی خواہش
ہر وقت ہی بیٹھی رہے لیلیٰ مرے آگے

اب وہ بھی تو کہنے لگے مجھ کو نظرؔ انکل
نکلا ہے مرادوں کا جنازہ مرے آگے

GHAZAL

I remain encircled now by beauties fairy-faced,
Salma stands behind me, Zuleikha leads the way.

There is a wall around me, how can I escape?
My wife blocks the rear exit, my child mans the gate.

In the college precincts, she goes about unveiled,
But when she finds me near, she pulls down her veil.

I have lost my security in the election fray,
My lucky star has set, O, I'm betrayed.

If you want to rise, emulate my ways,
This is how the boss's minion advised me today.

A father though of children ten, yet I long to see,
My darling sitting beside me, all night and day.

Even my love calls me 'uncle,' that too to my face,
My dreams have come a cropper, Nazar, before my gaze.

Hai ab tau haseenaaon ka halqa mere aage,
Salma mere peechhe hai, Zuleikha mere aage.

Ab bach ke kahan jaaieye, har simat hai deewaar,
Beewi mere peechhe hai, tau bachcha mere aage.

Be parda woh college mein tau phirti hai baraabar,
Orha mere mahboob ne burqa mere aage.

Main ab ke election mein ganwa baitha zamaanat,
Dooba meri qismat ka sitaara mere aage.

Barhne ki tamanna ho tau mujh jaise bano tum,
Kahne laga sahib ka yeh chamcha mere aage.

Das bachchon ke abba hain, magar hai yehi khwahish,
Har waqt hi baithi rahe Laila mere aage.

Ab woh bhi tau kahne lage mujhko, Nazar, 'uncle,'
Nikla hai muraadon ka janaza mere aage.

نظر برنی

شکوۂ کلرک

کیوں میں گھاٹے میں رہوں، سود فراموش رہوں؟
موقع مل جائے تو دفتر میں ہی مدہوش رہوں
ڈانٹ افسر کی سنوں اور ہمہ تن گوش رہوں
"ہمنوا میں بھی کوئی گل ہوں کہ خاموش رہوں"
"مسکہ بازی" کے سبب تابِ سخن ہے مجھ کو
در حقیقت بہت عرصہ سے گھٹن ہے مجھ کو
ہے بجا کام کی چوری میں تو مشہور ہیں ہم
پیٹ رشوت سے جو بھرتے ہیں تو مجبور ہیں ہم
آنکھ کے اندھے ہیں کانوں سے بھی معذور ہیں ہم
"باس" کی نت نئی دھمکی سے بھی رنجور ہیں ہم
مرے افسر مرے آقا تو یہ دعویٰ سن لے
اپنی عادت کو نہ چھوڑیں گے تو اتنا سن لے
تھی تو موجود ازل ہی سے یہ رشوت کی پھبن
یہ بزرگوں کی روایت، یہ بزرگوں کا چلن
کیسے کہہ دوں کہ مجھے ہوتی ہے اس سے الجھن
یہ مزہ وہ ہے کہ عادی ہیں مرے کام و دہن

THE CLERK'S COMPLAINT

Why should I incur the loss, and my gain ignore,
Given a chance, in office too, I'll drink and snore.
Should I hear my boss's scolding, and remain unstirred,
Am I a flower insensate, that cannot say a word?

Flattery has given me the strength and right to speak,
I've felt choked inside for very long indeed.

Everyone doth know that we shirk work enmasse,
We have to take bribes, otherwise we starve;
Our eyes have grown blind, our ears stone-deaf,
The scolding of our boss fills us with regret.

O my lord and master, listen to our resolve,
We'll not change or mend, whatever befalls.

Since the very beginning, though, bribery has prevailed,
It is an old tradition, our ancient heritage,
That it irritates me, I cannot frankly say,
Both my mouth and palate are used to this taste.

Kyon main ghaate mein rahoon, sood faramosh rahoon,
Mauqa mil jaae tau daftar mein hi madhosh rahoon.
Daant afsar ki sunoon, aur hama tan gosh rahoon,
"Humnawa main bhi koi gul hoon ke khamosh rahoon!"

Maska baazi ke sabab taab-e-sakhun hai mujhko,
Dar haqeeqat bahut arsa se ghutan hai mujhko.

Hai baja kaam ki chori mein tau mashhoor hain hum,
Pet rishwat se jo bharte hain tau majboor hain hum;
Ankh ke andhe hain, kaanon se bhi maazoor hain hum,
Boss ki nit nai dhamki se bhi ranjoor hain hum.

Mere afsar, mere aaqa, tu yeh daawa sun le,
Apni aadat ko na chhorenge, tu itna sun le.
Thi tau maujood azal hi se yeh rishwat ki phaban,
Yeh bazurgon ki riwaait, yeh bazurgon ka chalan;
Kaise kah doon ke mujhe hoti hai is se uljhan,
Yeh maza woh hai ke aadi hain mere kaam-o-dahan.

شکوۂ کلرک

ہم پہ "غفلت ہوئی طاری تو "کرپشن" بھی سوار
لاکھ روتی رہی پبلک نہ سنی اس کی "پکار"
کھایا عہدے کی بدولت جو ہزاروں کا ادھار
ایک ہی کیس میں کرنے لگے ہم "بیڑا پار"
ہائے افسوس "وجی لینس" نے ہم کو پکڑا
زندگی بھر کے لیے ہوگیا قائم جھگڑا
"ہم تو اُلّو ہیں" تری دھونس میں رہتے ہی رہے
جس طرف تو نے کہا جوش میں بہتے ہی رہے
پھر بھی کیوں آنکھ دکھاتا ہے تُو ڈنڈا لے کر
کیا نہیں خوش ترا جی روپیوں کا بٹوا لے کر
اپنی "تڑ" اپنی "انا" کو بھی مٹایا ہم نے
خول چہرے پہ غلامی کا چڑھایا ہم نے
حکم افسر کا بہرحال بجایا ہم نے
اس کے چمچوں کو بہت مال چٹایا ہم نے
پھر بھی افسر کو گلہ ہے کہ وفادار نہیں
ہم وفادار نہیں وہ بھی تو دلدار نہیں

We, the folks corrupt, are also men of sloth,
What care we for public plaints, let them bray and bark.
On the strength of our status we borrowed left and right,
And planned to clear the debt with one sudden strike.

Alas, alas, the Vigilance has seen through our plot,
And a life-long litigation lies across our path.

Stupid owls as we are, we swallowed your abuse,
And on the path prescribed continued to march.

Why do you browbeat us, why wield the stick,
Aren't you satisfied with the money-bags we give?

We have crushed our ego, done away with pride,
And donned for your sake, a mask deep servile,
We obey our boss, whatever be the price,
And to win his minions every trick we try.

Even then you grumble, we lack trust and faith,
If we are faithless, you too lack the beloved's grace.

Hum pe ghaflat hui taari, tau corruption bhi sawaar,
Lakh roti rahi public, na suni uski pukaar;
Khaaya auhde ki ba-daulat jo hazaaron ka udhaar,
Ek hi case mein karne lage hum bera paar.

Haae afsos! Vigilance ne humko pakra,
Zindagi bhar ke kieye ho gaya qaayam jhagra.

Hum tau ulloo hain, teri dhauns mein rahte hi rahe,
Jis taraf tu ne kaha josh mein bahte hi rahe.

Phir bhi kyon aankh dikhata hai tu danda le kar,
Kya nahin khush tera ji rupaon ka batua le kar!

Apni 'tar', apni 'ana' ko bhi mitaaya hum ne,
Khol chehre par ghulami ka charhaya hum ne,
Hukm afsar ka har haal bajaaya hum ne,
Uske chamchon ko bahut maal chataaya hum ne.

Phir bhi afsar ko gila hai ke wafadaar nahin,
Hum wafaadar nahin, woh bhi tau dildaar nahin.

نظر برنی

---زباں کیوں ہو؟

کسی کودے کے "ووٹ" اپنا نوائے فغاں کیوں ہو؟
جو سر خالی ہو "بھیجے" سے تو پھر منہ میں زبان کیوں ہو؟
ہمارے لیڈروں کی کامیابی کا یہ نکتہ ہے!
"جو کرنا ہے" رکھو دل میں وہ پبلک میں بیاں کیوں ہو؟
کہا صیاد نے پر نوچ کر صحنِ گلستاں میں!
گھٹن ہو لاکھ سینے میں مگر آہ و فغاں کیوں ہو؟
بڑھاپے میں بھی کر ڈالی ہے تو نے تیسری شادی
ذرا انصاف سے کہہ دے وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو؟
"قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر ہمدم"
چلا ہے جس پہ "بلڈوزر" وہ میرا ہی مکاں کیوں ہو؟
قطب سے کود جاؤں گا اگر مرنا ہی ٹھہرا ہے
"تو پھر اے سنگ دل تیرا ہی سنگ آستاں کیوں ہو؟"
وہ کہتا ہے کہ امریکہ کو "لینن" نے بسایا تھا
ہو جب استاد ہی جاہل تو میرا امتحاں کیوں ہو؟
نظر نے ان کو جب دیکھا تو ڈیڈی ساتھ تھے ان کے
ہمارے درمیاں ہر وقت وہ پیرِ مغاں کیوں ہو؟

A PARODY
(Zabaan Kyon Ho)

Why should you wail and cry after having cast your vote,
When your head is sans sense, why should your tongue be bold?

This is the secret of our leaders, the trick of their trade,
Keep your real intent concealed, never let it be exposed.

Having clipped my wings of pride, thus the hunter spoke,
Do not grumble, do not groan, even if your heart be choked.

This is your third marriage at this hoary age,
Be thou just, how can she love a bloke so old.

Tell this prisoner in the cage the garden's tale, unfazed,
Why should it be my house which has been bulldozed!

I'll jump down from the Qutab if I choose to die,
Why should I break my head against your threshold?

"Lenin founded America," this is what my teacher says,
Why should I be put to test, when my teacher is a bloke!

When Nazar saw his darling love, she was walking with her dad,
Why should that tavern-keeper always play the spoilsport?

Kisi ko de ke vote apna nawa sanj-e-fughaan kyon ho,
Jo sar khali ho 'bheje' se tau phir munh mein zabaan kyon ho?

Hamaare leaderon ki kaamyaabi ka yeh 'nukta' hai,
Jo karna hai rakho dil mein, woh public mein bayaan kyon ho?

Kaha sayyaad ne par noch kar sehn-e-gulistaan mein,
Ghutan ho laakh seene mein, magar aah-o-fughaan kyon ho?

Burhape mein bhi kar daali hai tu ne teesri shaadi,
Zara insaaf se kah de woh tujh par meharbaan kyon ho?

"Qafas mein mujh se roodaad-e-chaman kahte na dar humdam",
Chala hai jis pe bulldozer woh mera hi makaan kyon ho?

Qutab se kood jaaoonga agar marna hi thahra hai,
"Tau phir ai sangdil tera hi sang-e-aastaan kyon ho?"

Woh kahta hai ke America ko Lenin ne basaaya tha,
Ho jab ustaad hi jaahil tau mera imtehaan kyon ho?

Nazar ne unko jab dekha tau daddy saath the unke,
Hamare darmeaan har waqt woh peer-e-mughaan kyon ho?

نظر برنی

"۔۔۔سواب بھی ہے"

وہی بیگم کی خونخواری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
وہی دیرینہ بیماری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
وہی ٹرٹر وہی خفگی وہی غمزے وہی عشوے
وہی طعنوں کی بیماری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
بڑھاپے میں بھی ان کو شوق ہیں عہدِ جوانی کے
"لِپ اسٹک" کی خریداری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
وہی ہے روٹھنا ان کا، وہی میکے کی ہے دھمکی
وہی ذلت، وہی خواری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
کبھی ہے ساس کا رونا کبھی نندوں سے ہے جھگڑا
زبان ہے اس کی "دودھاری" جو پہلے تھی سواب بھی ہے
فقط اپنے ہی میکے کی کیا کرتی ہیں تعریفیں
میری امّاں سے بیزاری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
ادب کا ڈاکٹر بن کر ملا کیا ہم غریبوں کو
غریبی اور بیکاری جو پہلے تھی سواب بھی ہے
ہوئی شادی ہوئے بچے نظرؔ کا حال ہے پتلا
وہی اب بھی ہے لاچاری جو پہلے تھی سواب بھی ہے

AS HERETOFORE!

My wife's blood-thirstiness is as strong as heretofore,
She suffers from the same disease, the same itch as heretofore.

The same tattle, the same temper, graces, glances all the same,
The same torrential rain of taunts as I suffered heretofore.

Even in her old age she nurtures tastes of younger days,
The same craze for lipstick buying haunts her mind as
heretofore.

The same threat of the parents' home, that getting cross
without a cause,
Humiliation undeserved, insults galore, as heretofore.

Now a quarrel with mother-in-law, now with sister-in-law a
fray,
Double-edged is her tongue, as it has been heretofore.

She has one persistent fad,—to raise her parents to the sky,
Her disgust for my mother is as staunch as heretofore.

What is it that I have gained from my Ph.D. in arts,
Poverty and a jobless state, pester me as heretofore.

Marriage and a brood of kids, pitiable is Nazar's plight,
I am the same helpless man, sans hope, as heretofore.

Wohi begum ki khoonkhwari jo pahle thi so ab bhi hai,
Wohi deerina beemaari jo pahle thi so ab bhi hai.

Wohi tar tar, wohi khafgi, wohi ghamze, wohi ushwe,
Wohi taanon ki bombaari jo pahle thi so ab bhi hai.

Burhaape mein bhi unko shauq hain ahd-e-jawani ke,
Lipstick ki kharidaari jo pahle thi so ab bhi hai.

Wohi hai roothna unka wohi mayke ki hai dhamki,
Wohi zillat, wohi khwaari, jo pahle thi so ab bhi hai.

Kabhi hai saas ka rona, kabhi nandon se hai jhagra,
Zabaan hai uski do dhaari, jo pahle thi so ab bhi hai.

Faqt apne hi maayke ki kiya karti hain taareefen,
Meri ammaan se bezaari jo pahle thi so ab bhi hai.

Adab ka doctor ban kar mila kya hum ghareebon ko,
Ghareebi aur bekaari, jo pahle thi so ab bhi hai.

Hui shaadi, hue bachche, Nazar ka haal hai patla,
Wohi hai ab bhi laachaari, jo pahle thi so ab bhi hai.

SAGHIR KHAYYAMI (born: 1946)

Saghir Khayyami was born at Lucknow on 7 June, 1946. He has imbibed from his environment the peculiar refinement of Lucknavi culture, and a taste for fine arts and poetry. He belongs to a family that was deeply religious, and yet endowed with a fine literary sensibility. His father, Shaair Lucknavi, was a poet of considerable merit, and his eldest brother, Mahdi Nazmi, was a talented and prolific writer of prose and poetry. One of his brothers was a humorist, while another was an artist and a painter. Saghir had learnt Arabic and Persian in his younger days, but had later enlarged the sphere of his study by assimilating in it the elements of western thought and culture. He was for several years associated with Jawahar Lal Nehru University, specialising in research and language studies.

Saghir Khayyami's humorous poetry is a source of delight and edification. It takes within its sweep a wide-range of ironies and inconsistencies that affect our society in its social, scientific, cultural and domestic spheres. He has a perceptive mind and a sharp sense of humour, simultaneously entertaining and instructive. Apart from exposing the social and moral foibles of our age, the poet can also peer, as in his poem, *Pas-e-Roshni,* beneath the boast of scientific advancement, and unmask the areas of darkness behind the light. He is also a perfect storyteller as can be seen in his poems such as: *Allaudin ka Tarbooz, Ghalib in Delhi,* and *Shaair ka Maghz*. He has a simple, straightforward, urbane style, which enables him to establish an instant rapport with his readers. His published works include: *Under Crease (1990), Qahqahon ki Baraat (1992), and Pas-e-Roshni (1996).* His *Kuliaat* is currently under preparation.

ساغرؔ خیامی

علاءالدین کا تربوز

یقیں ہے جائے گی اک روز جان دلّی میں
تلاش کرتے ہوئے اِک مکان دلّی میں
تمام دن کے سرِ راہ ہم تھکے ہارے
شکم میں چوہے اچھلتے تھے بھوک کے مارے
بڑا تھا میرا شکم، دوستو میں کیا کرتا
رقم تھی جیب میں کم، دوستو میں کیا کرتا
چلا خرید کے تربوز سوئے دشتِ حقیر
لگی جو پاؤں میں ٹھوکر سنور گئی تقدیر
غمِ حیات کی راتوں میں دن نکل آیا
گرا جو ہاتھ سے تربوز، جِن نکل آیا
ادب سے بولا کہ ادنیٰ غلام ہوں ساغرؔ
جو ہوسکے نہ کسی سے وہ کام ہوں ساغرؔ
اشارہ ہو تو میں رخ موڑدوں زمانے کا
بنادوں تم کو منیجر یتیم خانے کا
مرے سبب سے لطیفہ مشاعرہ ہوجائے
پلک جھپکنے میں شاعر بھی شاعرہ ہوجائے

ALLAUDIN'S MELON
(Allaudin ka Tarbooz)

I'm surely going to die in Delhi one day,
Searching for a house, I'll pass away.

Worn out by day-long search up and down the road,
Torn by the hunger-pangs my belly made uproar,

Big was my belly what could I do, O friends?
How could I help it, I was short of funds.

Buying a watermelon I moved towards the wold,
A stumble on the road proved a lucky stroke.

All at once, my night of sorrow changed to a sunny day,
As the melon fell and broke, a jinn showed his face.

"I'm sir, your humble slave," with folded hands he spake,
"Any task impossible I can undertake."

"I can change at your bidding the world's very shape,
I can make you, if you like, the manager of the orphanage."

"I can turn a trivial joke into a poetic feast,

Turn a poet into a poetess with my clever sleight.

Yaqeen hai jaaegi ik roz jaan Dilli mein,
Talaash karte hue ik makaan Dilli mein.

Tamam din ke sar-e-raah hum thake haare,
Shikam mein choohe uchhalte the bhook ke maare.

Bara tha mera shikam, dosto, main kya karta,
Raqm thi jeb mein kam, dosto main kya karta!

Chala kharid ke tarbooz soo-e-dasht-e-haqeer,
Lagi jo paaon mein thokar sanwar gai taqdeer.

Ghum-e-hayaat ki raaton mein din nikal aaya,
Gira jo haath se tarbooz, jinn nikal aaya.

Adab se bola ke adna ghulaam hoon, Saghir,
Jo ho sake na kisi se woh kaam hoon, Saghir.

Ishara ho tau main rukh mor doon zamane ka,
Bana doon tumko manager yateem khaane ka.

Mere sabab se latifa mushaaira ho jaae,
Palak jhapakne mein shaair bhi shaaira ho jaae.

علاءالدین کا تربوز

گناہ و شرک کی راتوں میں آفتاب ملے
عبادتیں کریں ملاّ تمھیں ثواب ملے
اگر میں چاہوں ملٹھی سے رس بھری ہو جاؤ
بغیر تیر چلائے پدم شری ہو جاؤ
میں آدمی نہیں دشمن سے سازباز کروں
اگر میں چاہوں تو احمق کو سرفراز کروں
جو حکم کیجئے تو مردے میں جان ڈلوادوں
میں عہدِ پیری میں بیوی جوان دلوادوں
بجائیں سیٹیاں اب تلخیاں زمانے کی
یہ پکڑو کنجیاں قارون کے خزانے کی
نہیں ہے دل کی تمنّا، جہان دلوادے
میں ہاتھ جوڑ کے بولا مکان دِلوادے
یہ کہہ کے گھس گیا تربوز میں وہ کالا جِن
عجیب وقت ہے بگڑے ہوئے ہیں سب کے دن
یہ سرد سرد فضاؤں کا غم نہ سہتے ہم
مکان جو ملتا تو تربوز میں نہ رہتے ہم

Even in the night of sin, you'll bathe in sunny rays,
You'll reap the harvest, while the mullah prays.

I can turn to raspberry, a dry twig and bark,
Confer on you a Padam Shri without firing a shot.

I'm not a man to conspire with the foe,
I can elevate a fool, make him rule the globe.

I can revive the dead, if you but advise,
And even to the hoary heads grant a bubbling bride.

Let the Time wince and whine, seize the fleeting pleasure,
Here, clutch in your hand the keys of Qaroon's treasure."

"I don't want the earthly riches", humbly I replied,
"Get me, pray, a house to live, I shall be obliged."

Hearing this the jinn black into the melon slipped,
"Strange," he said, "Everyone is caught in a similar fix."

"Could I conjure up a house, I wouldn't shiver in cold,
Why should I have lived then in the melon hole?"

Gunah-o-shirk ki raaton mein aaftaab mile,
Ibaadaten karen mulla tumhen sawaab mile.

Agar main chaahoon malathi se rasbhari ho jaao,
Baghair tir chalaae Padam Shri ho jaao.

Main aadmi nahin dushman se saaz baaz karoon,
Agar main chaahoon tau ahmaq ko sarfaraz karoon.

Jo hukm kijieye tau murde mein jaan dilwa doon,
Main ahd-e-peeri mein beewi jawaan dilwa doon.

Bajaaen seetian ab talkhian zamaane ki,
Yeh pakro kunjian Qaroon ke khazaane ki.

Nahin hai dil ki tamanna jahaan dilwa de,
Main haath jor ke bola, makaan dilwa de.

Yeh kah ke ghus gaya tarbooz mein woh kala jinn,
Ajib waqt hai bigre hue hain sab ke din.

Yeh sard sard fizaaon ka ghum na sahte hum,
Makaan jo milta tau tarbooz mein na rahte hum.

ساغرؔ خیامی

غالبؔ دلّی میں

غالبؔ نے کی یہ عرض خداوندِ ذوالجلال
جنّت سے کچھ دنوں کے لیے کر مجھے بحال
مہ وش مرے کلام کو سازوں پہ گائے ہیں
قسمت نے بعد مرنے کے کیا دِن دکھائے ہیں
شاعر جو منحرف تھے وہ مرعوب ہوگئے
ایواں جو میرے نام سے منسوب ہوگئے
خادِم کا اس ادارے سے رشتہ ہے باہمی
اک بار میں بھی دیکھ لوں غالبؔ اکادمی
ہر شخص کے حضور میں پھیلائے ہات تھا
ناقدریوں کے دور میں فدوی حیات تھا
حکمِ خدا ہوا کہ ذرا جلد جایئے
دنیا کو جاکے پھر سے ذرا دیکھ آیئے
ساغرؔ بہ احترام خدا کے وکیل نے
دلّی میں لاکے چھوڑ دیا جبرئیل نے
اک ساتھ دو بسیں جو بھنابھن گزر گئیں
حوروں نے جو سنواری تھیں زلفیں بکھر گئیں

GHALIB IN DELHI
(Ghalib Dilli Mein)

To God the great in Heaven, Ghalib one day prayed,
"Give me leave to visit the earth for a couple of days.

Lovely dames chant my lyrics on the lute and lyre,
What a happy turn of fate, but when I've expired.

The poets who disdained me, now shower acclaim,
Big halls and houses celebrate my name.

A newly-made Akademy spreads out my fame,
How it looks and fares, let me see the same.

I suffered sheer neglect when I lived on earth,
Even for my daily bread I had to sweat and search."

God granted the poet's prayer, permitted him to go,
Visit his birthplace on earth, come and make report.

In deference to the Lord's wish, Ghalib glided down,
Gabriel guided him to Delhi, the poet's native town.

When two buses rushing headlong past the poet grazed,
The poet's hair, houri-dressed, got disarrayed.

Ghalib ne ki yeh arz Khudawand-e-zuljalaal,
"Jannat se kuchh dinon ke lieye kar mujhe bahaal.

Mahwash mere kalaam ko saazon pe gaaey hain,
Qismat ne baad marne ke kya din dikhaaen hain!

Shaair jo munharaf the woh maroob ho gaye,
Aiwaan jo mere naam se mansoob ho gaye.

Khaadim ka is idaare se rishta hai baahmi,
Ik baar main bhi dekh loon Ghalib Akademy.

Har shakhs ke hazoor mein phailaaey haath tha,
Na qadrion ke daur mein fidwi hayaat tha."

Hukm-e-Khuda hua ke zara jaldi jaaieye,
Duniya ko jaa ke phir se zara dekh aaieye.

Saghir baahteraam Khuda ke wakil ne,
Dilli mein la ke chhor diya jibraeel ne.

Ik saath do basein jo bhana bhan guzar gaien,
Hooron ne jo sanwaari thein zulfen bikhar gaien.

ساغرؔ خیامی

غالبؔ دلّی میں

کاندھے سے کاندھا مار کے مَہ وش نکل گیا
اولیٰ سے ثانی شعر کا میٹر بدل گیا
جھٹکے سے بس کے ریشمی پوشاک پھٹ گئی
جھرمٹ میں لڑکیوں کے تھے اور جیب کٹ گئی
دیکھا جو پتّیوں کو تو دل شاد ہوگئے
سمجھے کہ قیدی قید سے آزاد ہوگئے
خفیہ پولیس عادت و اطوار دیکھ کر
پیچھے لگی تھی جبّہ و دستار دیکھ کر
غالبؔ کی جو نگاہ اِدھر سے اُدھر گئی
اُردو کی اک کتاب نظر سے گزر گئی
اُردو کے زر نِگار کسی آفتاب نے
طوطے کو "ت" سے لکھا تھا خانہ خراب نے
غالب یہ سمجھے یار کہیں پوپلا نہ ہو
تصنیف کرنے والا کہیں توتلا نہ ہو
یہ داغ دھل سکیں گے نہ اشکوں کے دھوئے سے
تا عمر میں نے لکھا ہے طوطے کو طوئے سے

A careless beauty marching on pushed him from behind,
Throwing out of metre the verses in his mind.

In the rickety, jolting bus, his silken robes were ripped,
Amidst a group of damsels he got his pocket picked.

The sight of the wandering hippies cheered up his heart,
It seemed as if some interns had escaped the prison ward.

Intrigued by his mode and manner, the C.I.D. gave him chase,
His outlandish outfit their suspicion had raised.

As the poet cast his eyes on his left and right,
A book of Urdu language kindled his surprise.

Some shining star of Urdu, some master of arts,
Had spelt 'tota,' with 'te', ah, that wretched heart!

The writer might have been, he thought, a hollow-mouthed
brat,
A lisping tongue confusing this sound with that.

No amount of weeping can wash out this blot,
I have written 'tota' with 'toey,' all my life, eh, God!

Kaandhe se kaandha mar ke mahwash nikal gaya,
Oola se saani shaer ka meter badal gaya.

Jhatke se bas ke reshmi poshaak phat gai,
Jhurmat mein larkion ke the, aur jeb kat gai.

Dekha jo hippion ko tau dilshaad ho gaye,
Samjhhe ke qaidi qaid se aazaad ho gaye.

Khufia police aadat-o-itwaar dekh kar,
Peechhe lagi thi jubba-o-dastaar dekh kar.

Ghalib ki jo nigah idhar se udhar gai,
Urdu ki ik kitaab nazar se guzar gai.

Urdu ke zarnigar, kisi aaftaab ne,
Tote ko 'te' se likha tha khana kharaab ne.

Ghalib yeh samjhe yaar kahin popla na ho,
Tasneef karne wala kahin totla na ho.

Yeh dagh dhul sakenge na ashkon ke dhoey se,
Ta umr main ne likha hai, tote ko 'toey' se.

غالبؔ دلّی میں

واللہ بے بلائے براتی سے ہو گئی
غالبؔ کی بھینٹ ایک صحافی سے ہو گئی
بولے بڑے وقار سے غالبؔ ہے میرا نام
جنّت سے ساتھ آئے ہیں جبریل ذی مقام
بولے کہ کتنے لوگوں پہ غالبؔ کا بھوت ہے
ہیں آپ واقعی کوئی اس کا ثبوت ہے
بے نور جو چراغ ہیں وہ آفتاب ہیں
کس کس کو ہم بتائیں کہ غالبؔ جناب ہیں
واللہ جھوم جائے گی دنیا حضور کی
جنّت سے ساتھ لایا ہوں تصویر حور کی
تصویر دیکھ کر کہا سنیے بڑے میاں
اس شکل کی ملیں گی ہزاروں ہی لڑکیاں
خوروں سے گاہ گاہ جو خط میں نے پائے ہیں
جبریل اپنے ساتھ وہ سب لے کے آئے ہیں
خط پڑھ کے بولے واہ یہی خط ہیں کیا جناب
جن میں نہ سوز و ساز نہ شکوے نہ اضطراب

Then the poet ran into an unexpected guest,
As he stood confronting a roving journalist.

"I'm Ghalib," said the poet in a proud style,
"Gabriel, the angel great, has led me down from high."

Many people masquerade as Ghalib in their spirit and shape,
Have you any solid proof your claim to substantiate?

The dimly flickering lamps on earth pretend to be the sun
ablaze,
How can we accept you as Ghalib incarnate?

"Mark! I have brought from heaven, the houri's portrait,
The whole world will feel convinced when they see this face.

Looking at the pictured face, the journalist remarked:
There are many dames in Delhi prettier, more smart.

"I have also brought with me letters from the celestial
nymphs,
Gabriel has got them all, will you have a glimpse?"

Glancing through the letters, the journalist sniggered and
sneered,
"Sans pangs, plaint or passion, insipid are these letters, dear?"

Wallah, be bulaaey baraati se ho gai,
Ghalib ki bhaint ek sahaafi se ho gai.

Bole bare waqaar se, Ghalib hai mera naam,
Jannat se saath aaye hain jibreel-e-zi maqaam.

Bole ke kitne logon pe Ghalib ka bhoot hai,
Hain aap waaqai, koi iska saboot hai?

Be noor jo chiragh hain woh aaftaab hain,
Kis kis ko hum bataaen ke Ghalib janaab hain.

Wallah jhoom jaaegi duniya hazoor ki,
Jannat se saath laaya hoon tasweer hoor ki.

Tasweer dekh kar kaha, sunieye bare miaan,
Is shakl ki milengi hazaaron hi larkiaan.

Hooron se gaah gaah jo khat main ne paae hain,
Jibreel apne saath woh sab le ke aaey hain.

Khat parh ke bole wah! yehi khat hain kya janaab,
Jin mein na soz-o-saaz, na shikwe, na izteraab.

غالبؔ دلّی میں

یہ خط بھی پڑھ کے دیکھیے جو میرے پاس ہیں
حوروں سے بڑھ کے لڑکیاں یاں ایڈوانس ہیں
ہر آرزوئے دل کو بہ تصویر لکھتی ہیں
ماتا پِتا کو پاؤں کی زنجیر لکھتی ہیں
آئے تھے چار روز کو جلدی گزر گئے
غالبؔ وفورِ شرم سے دو دن میں مر گئے
پوچھا خدا نے حال تو غالبؔ نے یہ کہا
جنّت سے اب نہ جائے گا یہ بندۂ خدا
جینا زمانے والوں نے دشوار کردیا
پہچاننے سے بھی مرے انکار کردیا
آئی صدائے حق کہ یہی بند و بست ہیں
تیرے وطن کے لوگ تو مردہ پرست ہیں

Will you read these letters, which are to me addressed,
"The Delhi dames are more advanced than the houris blest."

"They depict with brazen courage every feeling of their heart,
They regard their parents as fetters, iron-cast."

Ghalib's four-day stay, quickly passed away,
Overwhelmed by shame, he died in just two days.

Queried by the Lord in heaven, Ghalib made reply,
Never again will this slave leave your paradise.

The people of my town are out and out hostile,
None showed me courtesy, nor even recognised.

Then came a voice sounding heaven-bred:
"People of your country honour but the dead."

Yeh khat bhi parh ke dekheye jo mere paas hain,
Hooron se barh ke larkiaan yaan advance hain.

Har aarzoo-e-dil ko ba-tasweer likhti hain,
Mata pita ko paaon ki zanjeer likhti hain.

Aaey the chaar roz ko jaldi guzar gaye,
Ghalib wafoor-e-sharm se do din mein mar gaye.

Poochha Khuda ne haal tau Ghalib ne yeh kaha,
Jannat se ab na jaaega yeh banda-e-Khuda.

Jeena zamaane waalon ne dushwaar kar diya,
Pahchaan-ne se bhi mere inkaar kar diya.

Aai sadaa-e-haq ke yehi bandobast hain,
"Tere watan ke log tau murda parast hain."

ساغرؔ خیامی

مغزِ شاعر

اک روز ڈاکٹر سے یہ میں نے کہا جناب
مدت سے کہہ رہا ہوں میں نظمیں بہت خراب
چیک کر کے میری کھوپڑی کہنے لگا حضور
بھیجے میں گھس گیا ہے کوئی آپ کے فتور
بولا بدلنا ہوگا یہ بھیجا حضور کا
بس ہے یہی علاج دماغی فتور کا
میں نے کہا دماغ کہاں اور کہاں حقیر
بولا کہ دان مانگیے پھر دیکھیے شریر
میں نے کہا کہ ایسا ہی ویسا چلے گا کیا
بولا کہ شاعرانہ ہو کیڑا دماغ کا
پہلے تو ایک شاعرِ اعظم سے میں ملا
بربادیِ دماغ کا ان سے کیا گلا
میں نے کہا کہ مجھ پر کرم کیجئے جناب
تھوڑا سا مغز مجھ کو عنایت کریں شتاب
بولے ہمارا بیٹھ کے بھیجا نہ کھایئے
اڑیے یہاں سے اور کہیں سیٹی بجایئے

THE POET'S BRAIN
(Maghz-e-Shaair)

I approached my doctor, and told him with respect,
For long I have been writing poor quality verse.

After he had scanned my brain, thus the doctor said:
The virus of nonsense has crept inside your head.

Brain transplant without delay is what you sorely need,
This is the only cure, sir, for your fell disease.

"How can I, a poor poet, afford a new brain,"
Ask for donations and get your system changed.

"Will it do if I get any brain that comes to view?"
No, he said, the brain you get must be of the poetic hue.

At first I went to a poet enjoying public fame,
And with him debated the problem of my brain.

"Be thou kind to me, sir, here I beg and bow,
A bit of your own brain, pray, on me bestow."

"Shut up, stop this nonsense, vanish from my sight,
Off with your cunning, off with your guile."

Ik roz doctor se yeh main ne kaha janaab,
Muddat se kah raha hoon main nazmen bahut kharaab.

Check karke meri khopri kahne laga hazoor,
Bheje mein ghus gaya hai koi aapke fatoor.

Bola badalna hoga yeh bheja hazoor ka,
Bas hai yehi ilaj dimaghi fatoor ka.

Main ne kaha dimagh kahaan, aur kahaan haqeer,
Bola ke daan maangeye, phir dekhieye sharir.

Main ne kaha aisa hi waisa chalega kya,
Bola ke shaairaana ho keera dimagh ka.

Pahle tau ek shaair-e-azam se main mila,
Barbaadi-e-dimagh ka un se kiya gila.

Main ne kaha ke mujh par karm kijieye janaab,
Thora sa maghz mujhko inaait karen shataab.

Bole hamara baith ke bheja na khaaieye,
Ureye yahan se aur kahin seeti bajaaieye.

مغزِ شاعر

اردو ادب میں جو بھی ہمارا مقام ہے
استادِ محترم کے وہ بھیجے کا کام ہے
محرومِ مغز ایک دُکاں پر گئے جو ہم
آئے نظر دکان پہ بھیجے کئی بہم
کچھ سر پھرے دماغ حسیں لڑکیوں کے تھے
بَک بَک جو کر رہے تھے وہ سب بیویوں کے تھے
انگلینڈ کا تھا دماغ کوئی قاہرہ کا تھا
چغلی جو کر رہا تھا کسی شاعرہ کا تھا
عاشق مزاج کام نہ لے کر برین سے
بھیجے لڑا رہے تھے ہر اک عین غین سے
فولاد کے قفس میں وہ سارے اسیر تھے
بھیجے فسادیوں کے وہاں پر کثیر تھے
میں نے کہا برین کوئی عاشقانہ دے
جلدی سے اک دماغ مجھے شاعرانہ دے
دِکھلا کے اِک دماغ وہ کہنے لگا جناب
رَگ رَگ میں ہیں پھنسے ہوئے اشعار بے حساب

"Whatever is my poetic worth, whatever I seem,
Is my reverend mentor's brain working behind the scenes."

Then I, the witless fool, reached the shop of brains,
And saw a wide array of skulls behind the window panes.

Some snobbish brains in shelves belonged to fairy dames,
Those who were chattering still, belonged to wives untamed.

Some brains belonged to Britain, some from Cairo came,
The tell-tale brain in the niche was of a poetess yet unnamed.

There were some romantic heads who had no use of brain,
Who had made overtures to every passing dame.

All these brains were securely kept in an iron cage,
Brains of the miscreants were high in percentage.

Give me, sir, I told the salesman, a romantic brain and head,
A brain Muse-inspired, on poetic matter bred.

Showing me a poet's brain, the salesman explained,
Verses unnumbered, see, are etched in every vein.

Urdu adab mein jo bhi hamara muqaam hai,
Ustaad-e-muhterim ke woh bheje ka kaam hai.

Mahroom-e-maghz ek dukaan par gaye jo hum,
Aae nazar dukaan pe bheje kai baham.

Kuchh sar phire dimagh haseen larkion ke the,
Bak bak jo kar rahe the woh sab beewion ke the.

England ka tha dimagh, koi Qahira ka tha,
Chughli jo kar raha tha kisi shaaira ka tha

Aashiq mizaaj kaam na le kar brain se,
Bheje lara rahe the har ik ain ghain se.

Faulaad ke qafas mein woh saare aseer the,
Bheje fasaadion ke wahan par kaseer the.

Main ne kaha brain koi aashiqaana de,
Jaldi se ik dimagh mujhhe shaairaana de.

Dikhla ke ik dimagh woh kahne laga janaab,
Rag rag mein hain phanse hue ashaar be hisaab.

مغزِ شاعر

بھیجا مہک رہا ہے زمانے کی داد سے
لبریز ہے دماغ غزل کے مواد سے
میں نے کہا یہ مکھیاں کیوں بھن بھنائے ہیں
بولا نئی غزل پہ نئی دھن بٹھائے ہیں
میں نے کہا کہ دام بتائیں مجھے شتاب
بولا دماغ ٹھیک ہے اور دام ہیں خراب
بھیجے مری دوکان پہ سب آنہ پائی ہیں
شاعر کے بس دماغ کے پیسے بھی ہائی ہیں
میں نے کہا کہ کھول دے یہ راز تو نہاں
شاعر کے کیوں دماغ کے پیسے کیے گراں
بولا کبھی کبھار یہ بِکتا ہے کیا کریں
سو پھوڑیے تو ایک نکلتا ہے کیا کریں

The whole brain is fuming hot with loud public praise,
Every pore is brimming with lyrical lilt and grace.

"Why are the flies buzzing around," when to him I posed,
"They are," he quoth, "setting to music a ghazal just
composed."

Let me know its price, sir, without least delay,
"The brain is good, but you will have an awful price to pay."

You can get other brains for a few annas and pies,
But a poet's brain, cost-wise, is rated rather high.

Why the price is pegged so high, will you please explain,
Why is it so precious, a poor poet's brain?

"Rarely do we sell this brain, rarely make a gain,
We have to break a hundred skulls to pick a single brain."

Bheja mahak raha hai zamaane ki daad se,
Labrez hai dimagh ghazal ke muwaad se.

Main ne kaha yeh makhiaan kyon bhin bhinaaey hain,
Bola nai ghazal pe nai dhun bithaaey hain.

Main ne kaha ke daam bataaen mujhe shataab,
Bola dimagh theek hai aur daam hain kharaab.

Bheje miri dukaan pe sab aana pie hain,
Shaair ke bas dimagh ke paise bhi high hain.

Main ne kaha ke khol de tu raaz yeh nihaan,
Shaair ke kyon dimagh ke paise kieye giraan.

Bola kabhi kabhaar yeh bikta hai, kya karen,
Sau phorieye tau ek nikalta hai, kya karen!

ساغرؔ خیامی

پسِ روشنی

بڑھ رہے ہیں ہر طرف عزم و عمل کے کارواں
مرغ انڈے دے رہے ہیں اور اذانیں مرغیاں
میں کہوں دورِ ترقی یا اسے دورِ خزاں
آدمی بے مول ہے اور پارٹس باڈی کے گراں
جو مکمل آدمی ہے بے سر و سامان ہے
بوٹی بوٹی دیکھیے تو لکھ پتی انسان ہے
گریوں ہی ہر انگ کے پیسے بڑھیں گے بے شمار
کوئی بھیجہ چور ہوگا کوئی غنڈہ آنکھ مار
شاہراہوں پر لگیں گے ایک دن یہ اشتہار
بھائیو! گردہ کٹوں سے ہوشیار و ہوشیار
اس ترقی کی بدولت وہ زمانے آئیں گے
چور ڈاکو عاشقوں کے دل چرانے آئیں گے
کوچۂ محبوب میں اب دل نہ پھینکے جائیں گے
ٹوٹ جائیں گے اگر ٹکڑے بٹورے جائیں گے
جب وِگوں کی فیکٹری میں بال بیچے جائیں گے
سر گھٹے محبوب عاشق سے نہ دیکھے جائیں گے

BEHIND THE LIGHT
(Pas-e-Roshni)

Action and adventure are on the forward march,
Cocks lay eggs, hens crow and call.

Should we call it progress, or tragic downfall,
Man has no value, but precious are his parts.

Man, when in perfect shape, is sans home and hearth,
Cut him into pieces, he's worth a lot.

If the price of human parts continues to rise,
Some will take to brain-stealing, some will pinch the eyes.

You will find warning bills stuck on every side:
"Beware of kidney-thieves, be alert, be wise!"

On such progressive times we have now embarked,
Thieves will prey on lovers and pluck away their hearts.

Lovers will be wary to throw away their hearts,
Even the broken bits will sell at a heavy cost.

When the curls of lovely girls will be put on sale,
Shocked by the shaven heads, their lovers will bewail.

Barh rahe hain har taraf azm-o-amal ke kaarwaan,
Murgh ande de rahe hain aur azaanen murghian.

Main kahoon daur-e-taraqqi, ya ise daur-e-khizaan,
Aadmi be mol hai, aur parts body ke giraan.

Jo mukammal aadmi hai, be sar-o-samaan hai,
Boti boti dekheye tau lakhpati insaan hai.

Gar yoonhi har ang ke paise barhhenge be shumaar,
Koi bheja-chor hoga, koi ghunda aankh-maar.

Shahraahon par lagenge ek din yeh ishtehaar,
Bhaaio, gurda-katon se hoshiaar-o-hoshiaar!

Is taraqqi ki badaulat woh zamaane aaenge,
Chor daaku aashiqon ke dil churaane aaenge.

Koocha-e-mahboob mein ab dil na phainke jaaenge,
Toot jaaenge agar, tukre batore jaaenge.

Jab wigon ki factory mein baal bechen jaaenge,
Sar ghute mahboob aashiq se na dekhe jaaenge.

پسِ روشنی

بِک رہے ہیں مارکٹ میں اونے پونے دیکھنا
استخوانِ ابنِ آدم کے کھلونے دیکھنا
آنکھ بس میں کاٹ لی بیگم دوانی ہو گئیں
یوں ہی کیا اچھی تھی صورت اس پہ کانی ہو گئیں
اپنے اپنے زاویے سے دیکھتی ہے سب کی آنکھ
چاہیے مطلوب کو ہر حال میں مطلب کی آنکھ
ڈھب کا رستہ کب دکھاتی ہے کسی بے ڈھب کی آنکھ
چہرۂ بیگم پہ جڑدی مولوی صاحب کی آنکھ
آنکھ ملاؔجی کی لگوادی مرے پھوٹے کرم
کچھ دنوں سے ان کو ملاؔنی نظر آتے ہیں ہم
ایک دن بیگم یہ بولیں اپنی نظریں موڑ کے
دانت سونے کے لگاؤ سارے خرچے چھوڑ کے
عرض کی بیگم سے ہم نے ہاتھ اپنے جوڑ کے
لے گئے ڈاکو کئی کے دانت جبڑا توڑ کے
پڑھ کے کل اخبار میں بیگم حیا سے گڑ گیا
ایک نیتاجی کے منہ میں رات ڈاکہ پڑ گیا

From the bones of Adam's race, attractive toys will be made,
Changed to dolls of different shapes, they will then be put on sale.

The madam's eye is pinched in bus, what an outrage!
Left with but a single eye, uglier looks her ugly face.

Every eye looks on life in its peculiar way,
The seeker always seeks an eye that fits his need and gaze.

The eye that is misaligned, cannot show the path,
A mullah's eye on the begum's face is nothing but a farce.

"Mullah's eye on my face, oh, the curse of God,
Even my husband, for sometime, took me for Mullah's consort."

One day the begum turned to me with her squinted gaze,
"Get a gold denture to dress up your face."

Humbly with folded hands with her did I plead:
"Robbers have broken many a jaw to steal the golden teeth."

The news that I've read in papers makes me shiver and freeze,
The mouth of a popular leader was burgled by the thieves."

Bik rahe hain market main aune paune dekhna,
Usthakhwan-e-ibn-e-adam ke khilone dekhna.

Aankh bas mein kaat li, begum deewaani ho gaien,
Yoonhi kya achhi thi soorat is pe kaani ho gaien.

Apne apne zaawieye se dekhti hai sab ki aankh,
Chaahieye matloob ko har haal main matlib ki aankh.

Dhab ka rasta kab dikhaati hai kisi be-dhab ki aankh,
Chehra-e-begum pe jar di maulvi sahib ki aankh.

Aankh mullah ji ki lagwa di, mere phoote karam,
Kuchh dinon se unko mullani nazar aate hain hum.

Ek din begum yeh bolin apni nazren mor ke,
Daant sone ke lagaao saare kharche chhor ke.

Arz ki begum se hum ne haath apne jor ke,
Le gaye daakoo kai ke daant jabra tor ke.

Parh ke kal akhbaar mein begum haya se gar gaya,
Ek neta ji ke munh mein raat daka par gaya.

پسِ روشنی

ہنس کے بولیں ہم بھی رہتے ہیں اسی سنسار میں
ہم نے تو دیکھا نہیں بِکتا لہو بازار میں
عرض کی میں نظم کر دیتا ہوں وہ اشعار میں
اس صدی کے بعد جو چھاپیں گے سب اخبار میں
دیکھ لیجو جانور سر پر بٹھائے جائیں گے
آدمی کی کھال کے جوتے بنائے جائیں گے
ایک بوتل خوں کی قیمت الحفیظ و الاماں
لائیے لفظیں کہاں سے حال کیجئے کیا بیاں
کہہ رہا ہے اہلِ دل سے آج بھی کچّا مکاں
جب بِکے گا خون تب اٹھے گا چولہے سے دھواں
یہ وسیلہ بھی کمانے کا مٹا دیتے ہیں لوگ
مندر و مسجد کے آنگن میں بہا دیتے ہیں لوگ

Smilingly the begum said, "We too here resort,
We haven't seen human blood selling in the public marts."

Let me make prediction, let me prophesy,
What in the coming age the media-men will write:

Animals will command respect higher than the human clan,
Shoes and slippers will be made from the skin of man.

A phial of blood will be priced astoundingly high,
What precisely will it cost, words can't describe.

Even today the humble huts plead with the feeling hearts,
Unless we sell our blood, we can't light our hearths.

Even this source of income is, alas, vanishing fast,
People spill the precious blood in the yards of shrines and
mosques!

Hans ke bolin hum bhi rahte hain isi sansaar mein,
Hum ne tau dekha nahin bikta lahoo bazaar mein.

Arz ki main nazm kar deta hoon woh ashaar mein,
Is sadi ke baad jo chhaapenge sab akhbaar mein.

Dekh leejo jaanwar sar par bithaaey jaaenge,
Aadmi ki khaal ke joote banaae jaaenge.

Ek botal khoon ki qeemat alhafeez-o-alaamaan,
Laaieye lafzen kahan se haal kijeye kya bayaan.

Kah raha hai ahl-e-dil se aaj bhi kachcha makaan,
Jab bike ga khoon tab uthega choolhe se dhuaan.

Yeh waseela bhi kamaane ka mita dete hain log,
Mandir-o-masjid ke aangan mein baha deta hain log!

K.C. Kanda holds a doctorate in English and a first-class first Masters degree in Urdu literature. It was this double competence in English and Urdu, and his life-long adoration of Urdu poetry, that prompted him to undertake the translation of the best of Urdu poetry into English. A recipient of the Delhi Urdu Academy Award for 'excellence in translation' in 1998, his first book, *Masterpieces of Urdu Ghazal,* was published in 1990. Since then, he has produced eight other books of this kind—on Urdu Poetry and on individual poets like Mir Taqi Mir and Firaq Gorakhpuri. All these books (published by Sterling) are very well received by the readers, and have run into several editions. In addition, he has written the following books relating to English poetry: *An Anthology of English Poetry* (Arnold Heinemann), *The Two Worlds of Tennyson* (Doaba), *Tennyson's In Memoriam* (Sterling), and *Browning's Selected Dramatic Monologues* (Sterling).

The cartoon of Akbar Allahabadi on the cover is adapted from Naqoosh, *Lahore, 1959 with sincere thanks.*

Cover design: **Sterling Studio**

A Galaxy of Humorous Poets

Sauda


Akbar

Dilawar Figar

Saghir Khayyami


Raja Mehdi Ali Khan

Zarif Jabalpuri

Nazar Burney

Sayed Jafri

Shaukat Thanvi

Shahbaz Amrohvi

Waqif Muradabadi

Zamir Jafri

D.T.F. PUBLISHERS & DISTRIBUTORS
TEL: 0121 515 1183 / 551 7898
WEBSITE: www.dtfbooks.com

£ 9·95

STERLING PAPERBACKS
An imprint of
STERLING PUBLISHERS PVT. LTD.

ISBN 81-207-2357 0